# Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

## پریس ریلیز

**اسلام آباد 10 اکتوبر** 2017ء

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے مشروم کے 2nd Batch کی کٹائی کے موقع پر ZTBL فارم اسلام آباد پر جمعرات 05 اکتوبر 2017 کو فیلڈ ڈے کا اہتمام کیا جس کا افتتاح بینک کے سینئر ایگزیکٹو خالد محمود گل اور فرحت کریم ہاشمی نے کیا جبکہ بینک کے دیگر افسران کی کثیر تعداد نے اس تقریب میں بھرپور شرکت کی۔

اس موقع پر محمد اکرام الحق سینئر وائس پریذیڈنٹ نے شرکاء کو مشروم کی کاشت اور صحت کیلئے اس کی افادیت کے بارے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مشروم ایک ایسی سبزی ہے جس میں بغیر چربی پروٹین، وٹامن C اور وٹامن D کثیر تعداد میں پایا جاتا ہے۔ اس موقع پر میسرز DXN راولپنڈی، کمبی مشروم فارم فیصل آباد اور ZTBL فارم نے مشروم اور دوسرے اشیاء جیسے بیری کا شہد اور زیتون کا اچار وغیرہ کے اسٹالز کا بھی اہتمام کیا تھا۔

شرکاء نے ZTBL کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے فیلڈ دے (Field Day) منعقد ہونے چاہیں جو کہ قیمتی فصلوں کے بارے میں نہایت معلوماتی اور افادیت پر مبنی ہوتے ہیں۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-2002398